اور ڈان اخبار کے رپورٹر عبدالشکور خان کے ہمراہ ۲۸ نومبر کو حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ سے ملاقات کیلئے تشریف لائیں۔ ملاقات میں انٹرویو کے ساتھ ساتھ بین الاقوامی امور پر تبادلہ خیال ہوا۔

امریکن سفارتکاروں کی حضرت مہتمم مدظلہ سے ملاقات:

ریاستہائے متحدہ امریکہ کے پولیٹیکل سیکشن کے فرسٹ کونسلر ہنری ویسٹر اور سیکنڈ کونسلر جناب احمد ضیاء نے حضرت مہتمم صاحب سے ان کی رہائش گاہ راولپنڈی پر تشریف لائے۔ دو گھنٹے پر محیط اس ملاقات میں عالم اسلام سمیت دنیا بھر کے اہم مسائل پر بات چیت کی۔ خصوصاً امریکہ کی خارجہ پالیسی اور عالم اسلام کے ساتھ ان کا برتاؤ خاص طور پر زیر بحث آئے۔

موتمر المصنفین کا اعزاز: جامعہ دارالعلوم حقانیہ کے شعبہ موتمر المصنفین کی مطبوعات کو ملک و بیرون ملک میں یکساں مقبولیت حاصل ہے۔ حال ہی میں موتمر کی طرف سے شائع ہونے والی کتاب "الارشاد الی تحقیق بانت سعاد" مصنف مولانا فیض الرحمٰن حقانی کو عالم اسلام کے کثیر الاشاعت طباعتی ادارہ دارالکتب العلمیۃ بیروت، لبنان نے شائع کیا اور پوری دنیا میں اس کی تشہیر ہوئی۔

دارالعلوم کے سہ ماہی امتحانات کا انعقاد:

جامعہ کے سہ ماہی امتحانات کا انعقاد ۲۴ رنومبر ۲۰۱۴ء کو ہوا۔ امتحانات چار روز تک جاری رہے جس میں تمام درجات کے طلباء شریک ہوئے۔ نائب مہتمم حضرت مولانا انوار الحق صاحب مدظلہ اور دیگر تمام اساتذہ کرام نے امتحانات کی سرپرستی ونگرانی کی۔

طالبعلم کی شہادت:

درجہ اولیٰ کے طالب علم واجد گل بن احمد گل دارالعلوم کے سامنے ریل گاڑی کے حادثہ میں شدید زخمی ہوئے۔ زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے گھنٹہ بعد وفات پا گئے۔ جنازہ دارالعلوم میں مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ نے پڑھایا جبکہ جسد خاکی کو ان کے آبائی علاقہ متنی پشاور کو روانہ کیا۔

جداری ماہنامہ "صوت الحق" (عربی، اردو) کا اجراء:

دارالعلوم حقانیہ کے طلباء مختلف علمی اور ادبی سرگرمیوں میں مصروف عمل ہیں۔ حال ہی میں طلباء نے ایک جداری رسالے کا اجراء کیا ہے، جس کے دو شمارہ تیار کر کے نوٹس بورڈ پر آویزاں کئے گئے۔ رفتہ رفتہ یہ رسالہ طلباء کی طرف سے چھپی صلاحیتوں کو نکھارنے میں اپنا کردار ادا کر رہا ہے۔ مولوی امداد اللہ، مولوی بخت اللہ معتصم، مولوی رضوان اللہ سمیت دیگر طلباء کرام ماہانہ کی بنیاد پر اس کا اہتمام کرتے ہیں۔